اُردو(لازمی) (نیو کورس) (پہلا گروپ) 219 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے (انشائی) مارکس:60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (10)

### (حصہ نظم)

i - بُجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت ...... وہ پیغمبرِ ذی وقار آ گیا ہے

ii - گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے ...... پتّے بھی مثلِ چہرۂ مدقوق زرد تھے

iii - فاطمہ! گو شبنم افشاں آنکھ تیرے غم میں ہے ...... نغمۂ عشرت بھی اپنے نالۂ ماتم میں ہے

iv - مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں ...... ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

### (حصہ غزل)

i - مِل کے بھی جو کبھی نہیں مِلتا ...... ٹوٹ کر دل ، اُسی سے مِلتا ہے

ii - سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں ...... لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

iii - اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں ...... ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (10 = 5 + 5)

(الف) اب جو دیکھتی ہوں، تو جنگل سائیں سائیں کر رہا ہے اور پینس کو جیسے پہیے لگے ہوئے ہیں، اُڑی چلی جا رہی ہے۔ کلیجہ دھک سے ہو گیا۔ بدن میں سنسنیاں آنے لگیں۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ گئے کہ یہ کیا غضب ہوا۔ یہ موئے کہار کہاں لیے جاتے ہیں؟

(ب) حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہو گی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:- (10)

i - لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا روّیہ کیسا تھا؟

ii - علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

iii - محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

iv - لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

v - مرزا غالبؔ نے کتابوں پر کیا رائے دی ہے؟

vi - دیدۂ انجم سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ ...... (نظم فاطمہ بنت عبداللہ)

vii - سڑک پر جسے جانا پڑے اُس کا انجام کیا ہوتا ہے؟ ...... (نظم مال گودام روڈ)

viii - شاعر نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے:- (5)

(الف) علی بخش (ب) پرستان کی شہزادی

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:- (15)

(الف) وقت کی پابندی (ب) علامہ محمد اقبالؒ (ج) یومِ آزادی

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:- (10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i - زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کونسے ہیں؟

ii - عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii - آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے انکے نام لکھیے۔

iv - دنیا کے کون کونسے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

v - ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

103-219-118000